سوال

(641)مذہبی فلم مثلاًحج مکہ شریف دیکھنا وغیرہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مذہبی فلم مثلاًحج مکہ شریف جب تیار ہوئی تو کیا اس میں کوئی بات باعث توہین مذہب ہوتی ہوگی۔ اگر مسلمان یہ فلم دیکھیں یا اس میں اعانت کریں تو کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

۔فلم (1)حج مذہب کے خلاف ہے۔ کیونکہ تصویروں کا رواج دینا شرع کے خلاف ہے۔ آپ ﷺ نے مصوروں کو بہت بُرا کہا ہے۔ ہر مسلمان کو ایسی لغوبات سے محترز رہنا چاہیے۔ قران مجید میں ارشاد ہے : وَالَّذينَ هُم عَنِ اللَّغوِ مُعرِضونَ ٣ سورة المؤمنون

1۔حج کا فلم بنانا بنوانا دیکھنا دکھلانا مسلمان کے لئے حرام ہے (ملخص المعلن سعید احمد لکھنوی مفتی تکمیل العلوم سہار نپور(نور توحید لکھنوج 1ص 7تا10ص 50)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص797

محدث فتویٰ